# حسب قانون کارروائی کی درخواست

- اگر والدین اپنے بچے سے متعلق حوالے، تشخیص، درجہ بندی یا کلاس کے تعین یا بچے کو خصوصی تعلیمی خدمات کی فراہمی سے متفق نہ ہوں، تو وفاقی قانون کے تحت والدین یا ایک بچے کی نمائندگی کرنے والے اٹارنی کو حسب قانون سماعت کا حق حاصل ہوتا ہے۔
- حسب قانون سماعت کو غیر جانبدار سماعت بھی کہا جاتا ہے۔ اس سماعت کی درخواست تحریری طور پر جمع کرائی جانی چاہئے۔
- جب والدین حسب قانون سماعت کی درخواست کرتے ہیں، تو سماعت کے شروع ہونے سے پہلے مسئلے کو حل کرنے کی کوشش کرنے کے لئے انکا اسکول ضلع سے ملاقات کرنے کے لیے متفق ہونا ضروری ہے۔ یہ ملاقات، جسے مسئلے کے حل کا اجلاس کہا جاتا ہے، والدین کی طرف سے اسکول ضلع کو حسب قانون کاروائی کے لیے شکایت کا نوٹس ملنے کے 15 دن کے اندر اندر ہونی چاہئے۔ تاہم والدین اور اسکول ضلع مسئلے کو حل کرنے کے لئے ثالثی کی پیروی پر اتفاق کر سکتے ہیں، یا مسئلے کے حل کے اجلاس کے بجائے غیر جانبدار سماعت پر اتفاق کر سکتے ہیں۔
- خصوصی تعلیم اور *Procedural Safeguards Notice* کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے براہ مہربانی مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے رجوع کریں: http://www.p12.nysed.gov/specialed/publications/home.html

غیر جانبدار سماعت کے لئے درخواست بذریعہ ڈاک ارسال کرنے کے لئے ہدایات:

- اس فارم کو دونوں جانب پُر کریں اور اصل فارم، نیز مسئلے یا مجوزہ حل کی وضاحت کرنے کے لئے شامل کردہ اضافی پرچوں کی دو نقول بنائیں۔ یہ یقینی بنائیں کہ بچے کا نام، تاریخ پیدائش اور طالب علم کے شناختی کارڈ کا نمبر/اسٹوڈنٹ آئی ڈی نمبر جمع کرائی جانے والی تمام دستاویزات پر موجود ہو۔
- اصل فارم اس پتے پرارسال کریں: Impartial Hearing Office
  131 Livingston Street, Room 20
  Brooklyn, New York
  فیکس#: (718) 391-6181
  ای میل: ihoquest@schools.nyc.gov
- نقل اس پتے پر ارسال کریں: New York State Education Department, P-12
  Office of Special Education
  89 Washington Avenue – Room 309 EB
  Albany, New York 12234
- براہ مہربانی اپنے ریکارڈ کے لئے ایک نقل اپنے پاس رکھیں۔

*پہلے **3** خانوں میں سے صرف ایک پر نشان لگائیں:*

☐ میں ایک غیر جانبدار سماعت کے لیے وقت مقرر کرنے کی درخواست کرتا ہوں۔
☐ میں ثالثی کی درخواست کرتا ہوں۔
☐ میں غیر جانبدار سماعت کی درخواست کرتا ہوں، لیکن مسئلے کے حل کے اجلاس کی بجائے ثالثی کی درخواست کرتا ہوں۔

*اگر حسب ذیل میں سے ایک یا دونوں بیانات کا اطلاق ہوتا ہو، تو نشان لگائیں:*

☐ اس طالب علم کی ایک دوسری حسب قانون شکایت زیرِ غور ہے۔
☐ اس طالب علم کے لئے ایک دوسری حسب قانون شکایت گذشتہ 12 ماہ میں واپس لی گئی تھی۔

- **حسب قانون شکایت کے نوٹس کے لئے درخواست**

*طالب علم کا نام________________________ این وائی سی اسٹوڈنٹ آی ڈی/ (اوایس آئی ایس) ________________________

طالب علم کا پتہ ________________________ *شہر/ ریاست ________________ زپ کوڈ __________

طالب علم کی تاریخ پیدائش: ____/____/____ ☐ اگر طالب علم بے گھر ہو، اصلاحی ادارے میں داخل ہو، یا رضاعی نگہداشت میں ہو تو یہاں نشان لگائیں۔

طالب علم اس میں داخل ہے *(ایک پر نشان لگائیں):* ☐ پبلک اسکول ☐ چارٹر اسکول ☐ پرائیویٹ اسکول ضلع نمبر# ____________

**<u>دوسری جانب جاری رکھیں</u>**

جب آپ غیر جانبدار سماعت کے لئے درخواست جمع کرائیں تو اس فارم پر دونوں جانب اسٹار والی (*) معلومات کو **لازماً شامل کریں**۔ اگر آپ یا آپ کا اٹارنی اس فارم پر دی ہوئی اسٹار والی (*) معلومات شامل نہیں کریں گے، تو اس کے نتیجے میں مسئلے کے حل کے اجلاس اور/ یا حسب قانون سماعت سے انکار یا اس میں تاخیر اور عدالت کی طرف سے دی جانے والی اٹارنی کی فیس میں کمی ہو سکتی ہے۔ اگر ضلع کے خیال میں نوٹِس میں کوئی کمی ہے (یہ مطلوبہ مواد سے متعلق معلومات پوری طرح فراہم نہیں کرتا)، تو ضلع، غیر جانبدار سماعت کے لئے مامور افسر اور آپ کو، اس نوٹس کی وصولی کے 15 روز کے اندر تحریری طور پر اطلاع دے سکتا ہے۔ افسر برائے غیر جانبدار سماعت کو اس درخواست کی وصولی کے پانچ دن کے اندر یہ فیصلہ کر لینا چاہئے کہ آیا نوٹس میں ضروری معلومات موجود ہیں، یا نہیں اور فریقین کو تحریری طور پر اطلاع دے دینی چاہئے۔

**اس نوٹس میں موجود معلومات صیغۂ راز میں رہیں گی۔**

# حسب قانون کارروائی کی درخواست جاری

طالب علم کا نام دوبارہ درج کریں: ____________________

*اسکول کا نام جہاں بچہ داخل ہے: ____________________

اسکول کا پتہ: ____________________ زپ کوڈ: __________

موجودہ آئی ای پی (انفرادی تعلیمی پروگرام) کی تاریخ: ______/______/______ ضلع جس نے آئی ای پی تیار کی #: __________

**والدین یا سرپرست سے رابطے کے لیے معلومات**

والدین یا قانونی سرپرست کا نام: ____________________

پتہ (اگر طالب علم کے پتے سے مختلف ہو) ____________________

شہر، ریاست ____________________ زپ کوڈ __________

*(اگر یہ پتہ طالب علم کے اسکول کے ریکارڈز سے مختلف ہے، تو اسکول جا کر پتے کو درست کرا لیں۔ یہ درخواست دائر کرنے سے اسکول میں طالب علم کے ریکارڈ تبدیل نہیں ہوتے)۔*

ای میل کا پتہ: ____________________

☐ اگر آپ طے شدہ سماعتوں کا نوٹس بذریعہ ای میل حاصل کرنا چاہتے ہیں تو یہاں نشان لگائیں

ٹیلیفون: *[تمام کالیں 8 بجے صبح اور 5 بجے شام کے اوقات کے درمیان کی جائیں گی۔ براہ مہربانی ترجیحی رابطہ نمبر کے سامنے نشان لگائیں۔]*

☐ گھر:(______) __________ ☐ سیلولر: (______) __________

☐ کام:(______) __________ ☐ دیگر: (______) __________

گھر میں بولنے جانے والی بنیادی زبان: ☐ انگریزی ☐ دیگر (صراحت کریں): __________

☐ اگر آپ کو کارروائی میں ایک مترجم کی ضرورت ہے تو یہاں نشان لگائیں؛ اور برائے مہربانی زبان کی صراحت کریں: __________

☐ اگر آپ کو کارروائی میں اشاراتی زبان کے ترجمان کی ضرورت ہے تو یہاں نشان لگائیں۔

**مسئلہ اور بیان کردہ مسئلے کا مجوزہ حل**

*مسئلہ بیان کریں (اپنے اور ضلعے کے مابین عدم اتفاق سے متعلقہ تشویش، براہ مہربانی مخصوص حقائق شامل کریں) ۔ *اگر مزید جگہ درکار ہو، تو اضافی کاغذ منسلک کریں۔*

____________________

____________________

____________________

____________________

*مندرجہ بالامسئلے کا مجوزہ حل بیان کریں *اگر مزید جگہ درکار ہو، تو اضافی کاغذ منسلک کریں۔* ____________________

____________________

____________________

____________________

____________________

فارم پُر کرنے والے شخص کے دستخط ____________________ تاریخ __________

طالب علم سے رشتے داری: ☐ والدین قانونی/ سرپرست ☐ اٹارنی ☐ دیگر (صراحت سے بیان کریں) __________

نوٹ: *اگر آپ نے ''اٹارنی'' یا ''دیگر'' پر نشان لگایا ہے، تو براہ مہربانی ذیل میں رابطہ معلومات فراہم کریں۔ براہ مہربانی نوٹ کریں کہ اس مقدمے کی معلومات کو فقط والدین کے رشتے کے حامل اشخاص کے ساتھ زیر بحث لایا جائے گا، تاوقتیکہ اٹارنی نے پیشی کا ایک نوٹس جمع کر دیا ہو یا، اگر "دیگر" پر نشان لگایا گیا ہے، تو والدین یا قانونی سرپرست نے رازداری جاری کرنے کے ایک فارم پر دستخط کر دئیے ہوں، جس میں اس شخص کی شناخت کی گئی ہو جس کے ساتھ این وائی سی، ڈی او ای (NYC DOE) معاملے پر بات چیت کر سکے۔*

**دیگر یا اٹارنی کی رابطہ معلومات**

نام ____________________ ٹیلیفون ____________________

پتہ: ____________________ زپ کوڈ __________

ای میل پتہ: ____________________